# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ہم دردی | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، لفظی جیب، تین پرچیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، گتے کا بنا ہوا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے پوچھیں: کیا اپ نے کبھی کسی کی مدد کی ہے؟
- کسی کی مدد کرنے کا واقعہ ساتھیوں کو سنائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کا غذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 72 کھلوائیں۔ اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- میز پر گتے کا بنا ہوا ایک پہیا رکھیں، جس پر چار مختلف خانے بنے ہوں، جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوں۔ کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔ پہیا جس نمبر پر رکے گا، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگراف کی خواندگی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔

| |
|---|
| • علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہو الفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
|---|---|---|
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: ہم دردی | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اُردو چہارم"، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں، گیندیں، بوتلیں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں گروہ بادل اور گروہ دھنک کا نام دے دیں۔
- مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گذشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان میں گروہ بادل اور گروہ دھنک لکھ دیں۔ اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ درست تلفظ کے چار نمبر ہوں گے۔ اس طرح جس جس گروہ کا بچہ پڑھے، اس کے نمبر ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں لکھتے جائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔ اس کے علاوہ ہم الفاظ کا جملوں میں استعمال بھی کریں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 74 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "مرکب" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے بقیہ الفاظ پر بھی کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔

- اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ چار گیندیں لیں اور ان پر الفاظ "حرج ہونا، اطمینان، بلا معاوضہ، چوکنا، پیکر، قابلِ تقلید، صلاحیت" کی چٹیں لگا دیں۔ یہ گیندیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری بچوں سے سامنے کریں اور انھیں کہیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے اپنی پسند کی کوئی گیند اٹھا لیں۔ اب جماعت میں ایک طرف چھے بوتلیں ایک قطار میں توڑے تھوڑے فاصلے پر رکھ دیں، جن پر الفاظ معانی" کی چٹیں لگی ہوں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو گیند آئی ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، اس کا معانی سوچیں۔ پھر کسی ایک گروہ کے بچے کو گیند سمیت بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ اس کے پاس جس لفظ پر مبنی گیند آئی ہے، بوتلوں میں دیکھے کہ کس بوتل پر اس لفظ کا معانی لکھا ہے، اس بوتل کو گیند سے گرائے۔
- اب بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے پہلے چار سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔ سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔ سوال نمبر (ہ) کے جواب کے لیے ہر بچے سے پوچھیں کہ "کیا آپ نے کبھی خدمت خلق کا کوئی کام کیا ہے؟" بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے پہلے چار سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔ سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے پہلے چار سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے، ان کی مدد کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے چار سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 2 کے تحت دیے ہوئے جز (ہ) کا جواب کاپیوں میں لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: ہم دردی | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں، چار کارڈ، پلاسٹک کی تھیلیاں گتے کا پہیا، جس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں، مشق کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات پر مبنی پرچیاں، گتے کا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کا جائزہ لینے کے لیے ایک دل چسپ سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔ پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں۔ مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات پرچیوں پر لکھ کر ان پر بھی ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا۔ بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں ۔ بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھے گئے سبق سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ انھیں Mystery bags دیں، جن میں چار غبارے ہوں جن پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھے ہوں، ساتھ چار چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں جن میں جملے لکھنے کی جگہ ہو اور ساتھ تین دھاگے ڈال کر دیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ Mystery bag کھولیں، اس میں سے غبارہ نکال کر اس میں ہوا بھر کر اس کے منہ پر دھاگا

باندھیں، پھر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس کا جواب سوچ کر دی گئی مچھلی پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ جس گروہ کا غبارہ پھٹ جائے گا، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔

- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو مچھلی سمیت بلائیں۔ اس سے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ اس کے گروہ کے پاس کون سا سوال آیا تھا، پھر مچھلی بورڈ پر چسپاں کر کے اپنے گروہ کا لکھا ہوا اس سوال کا جواب پڑھ کر بتائے۔ درست جواب دینے پر اس گروہ کو پانچ نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب کی صورت میں وہ گروہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے۔ اس طرح یہ سرگرمی ب دوسرے گروہ کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ کام بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اب بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھیں۔ بچوں کی مدد سے ان کے نیچے درست جوابات لکھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ پانچ کارڈ لیں۔
- بچوں کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ کو ایک ایک کارڈ دے کر جملوں کے غلط اور صحیح ہونے کی نشاندہی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 3 کتاب پر حل کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
|---|---|---|
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ہم دردی | |

**مقاصد:** سبق کے اہم نکات سنا سکیں۔

ایک سے ساٹھ تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔

الفاظ پر اعراب لگا کر معانی واضح کر سکیں اور جملے بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم" سادہ شیٹیں، الفاظ سورج اور چاند پر مبنی پرچیاں، اسٹکی نوٹ

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔ سبق سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔ بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے باجا بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔ ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔
- درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 67 کھلوائیں۔ جماعت کے بچوں کے 5 گروہ بنا دیں اور انھیں سبق کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- انھیں پیشگی آگاہ کر دیں کہ ان صفحات کے بارے میں ان سے کوئی بھی سرگرمی کروائی جا سکتی ہے۔ بچوں کو دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔ دوران سرگرمی بچوں کا جائزہ لیتے رہیں کہ وہ مطالعے کی درست عادات کو اپناتے ہوئے مطالعہ کر رہے ہوں۔ اب بچوں سے اپنی کتابیں بند کرنے کو کہیں۔
- اب جماعت کو تین گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیش نظر دو گروہوں کے بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ سورج اور چاند پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔

- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھایں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ سبق "ہم دردی" سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور حکایت اپنے الفاظ میں ایک دوسرے کو سنائیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر دو اسٹکی نوٹس چسپاں کر دیں، جن کی اندر کی جانب گروہ چاند اور گروہ سورج لکھے ہوں۔ مقررہ وقت کے بعد کسی ایک بچے کو بلائیں اور اسے کوئی ایک اسٹکی نوٹ اتار کر اس پر لکھے گروہ کا نام بلند آواز سے ادا کرنے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کا نام لکھا ہو گا، اس گروہ کا کوئی بچہ آئے گا اور سبق کو اپنے الفاظ میں سنائے گا۔ اس دوران میں ہونے والی اغلاط یا جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، ایک صفحے پر نوٹ کرتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے گروہ سے بھی کروائیں۔ بعد ازاں نوٹ کیے گئے الفاظ بچوں سے درست تلفظ کے ساتھ دو سے تین بار کہلوائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں کے ساتھ پہیا گھماؤ، جواب بتاؤ کا کھیل کھیلیں۔
- اس پر بیس مختلف رنگوں کے ڈبے بنائیں۔
- ان ڈبوں پر اردو ہندسوں میں ایک تا ساٹھ کوئی سے بیس ہندسے لکھیں۔ جماعت میں سے متفرق بچوں کو بلائیں اور پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔
- پہیا جس نمبر پر آ کر رُکے گا، بچہ اُس نمبر کو بورڈ پر لکھ کر اُس کے آگے لفظی گنتی لکھیں۔ جیسے: 33- تینتیس
- اس طرح باقی ہندسوں کی بھی لفظی گنتی لکھوائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کو شاباش دیں۔
- اب سوال نمبر 7 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ اعراب لگانے سے الفاظ کا تلفظ اور معانی بدل جاتا ہے اور بعض اوقات اعراب نہ لگانے سے تلفظ کا پتا نہیں چلتا۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم مختلف الفاظ پر اعراب لگا کر ان کے معانی واضح کریں گے اور ان کے جملے بنائیں گے۔ سوال نمبر 7 میں دیئے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور سرگرمی مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: ہم دردی | |

**مقاصد:** الفاظ کو جملوں میں استعمال کر کے ان کی تذکیر و تانیث واضح کر سکیں۔
کہانی کے اجزا کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کہانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، الفاظ کی پرچیاں، ٹوکری، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ پیریڈ کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- بورڈ پر الفاظ مختلف لکھیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ بورڈ پر چاک / مارکر سے دو گملے بنائیں۔ ان دونوں میں ایک ایک پھول بنائیں۔ ایک پھول کے درمیان میں مذکر اور دوسرے کے درمیان میں مؤنث لکھ دیں۔ اب دونوں گروہوں کے بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں ایک پھول کی پتیوں میں بورڈ پر لکھے جانے والے مذکر اسما اور دوسرے پھول کی پتیوں میں مونث اسما لکھنے کے لیے کہیں۔ درست مذکر اور مونث اسما کی نشان دہی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہر جاندار چیز کا جوڑا تخلیق کیا ہے۔ یہ جوڑا نر اور مادہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر مرد اور عورت انسانوں کا ایک جوڑا ہے۔ ان میں سے مرد "نر" ہے اور عورت "مادہ" ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ جان دار اشیا کی تذکیر و تانیث کہلاتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم غیر حقیقی (غیر جاندار) اشیا کی تذکیر و تانیث کے بارے میں پڑھیں گے۔ بچوں کو بتائیں کہ:
- الہامی کتابوں میں قرآن پاک مذکر ہے اور باقی تینوں کتابیں مؤنث ہیں۔ مونث کی مثال: انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ مذکر کی مثال: قرآن مجید حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا۔
- تمام دنوں کے نام، سوائے جمعرات کے مذکر ہیں۔
- تمام نمازوں کے نام مؤنث ہیں۔
- تمام مہینوں کے نام مذکر ہیں۔
- گنگا اور جمنا کے علاوہ باقی تمام دریاؤں کے نام مذکر ہیں۔

- تمام پہاڑوں کے نام مذکر ہیں۔
- اسی طرح سے مختلف مثالوں کے ذریعے سے بچوں کو مذکر اور مؤنث کا فرق بچوں کو سمجھائیں۔ بچوں سے ساتھ ساتھ ان کے جملے بنواتے جائیں تاکہ واضح ہو سکے کہ وہ مذکر ہیں یا مونث۔
- اب ایک ٹوکری میں الفاظ "آسمان، ثواب، نظم، رحمت، عدل" کی پرچیاں بند کر کے ڈال دیں۔ خیال رکھیں کہ کوئی لفظ نہ دہرایا جائے۔ بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ سے کہیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے دو دو پرچیاں اٹھالے۔ جب سب گروہ پرچیاں اٹھالیں تو ان سے کہیں کہ ان کے پاس جو الفاظ آئے ہیں، انھیں پڑھیں کہ وہ مذکر ہے یا مونث اور پھر ان کا استعمال کرتے ہوئے جملے بنائیں۔ اس کے لیے بچوں کو چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں تختہ بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں الفاظ اور دوسرے پر جملے کی سرخی لکھ دیں۔ الفاظ والے کالم میں "آسمان، ثواب، نظم، رحمت، عدل" لکھ دیں۔ بچوں سے کہیں کہ جو گروہ پہلے جملہ بنالے وہ فوراً بنگو بولے گا۔ مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ اس کے گروہ کے پاس جو الفاظ آئے ہیں، وہ جماعت کے بچوں کو بتائے اور بورڈ پر باری باری لکھے ہوئے الفاظ کے آگے جملے والے کالم میں اس ان الفاظ سے متعلقہ جملے لکھے اور بتائے کہ وہ لفظ مذکر ہے یا مونث۔ اس کے بعد جماعت کے بچوں سے اس جملے کی خواندگی کروائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ نے درست جملے بنائے ہوں گے اور مذکر مونث کی درست شناخت کی ہو گی، وہ گروہ فاتح قرار پائے گا۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا کر انھیں دو سادہ شیٹیں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ارد گرد کا جائزہ لیں اور کوئی سے پانچ مذکر اور پانچ مونث الفاظ شیٹوں پر لکھیں اور پھر ان پر مبنی ایک پیراگراف ایسے لکھیں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو شیٹ سمیت بلائیں اور اسے اپنے گروہ کے لکھے ہوئے الفاظ اور ان پر مبنی پیرگراف پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ درست الفاظ کا چناؤ کر کے درست پیراگراف لکھنے والے گروہ کو شاباش دیں۔
- سوال نمبر 9 میں دی گئی تصاویر پر بچوں سے زبانی بات چیت کریں بعد ازاں لکھوائیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان تصاویر کو درست ترتیب دیں اور ان کی مدد سے مل کر اپنی کہانی بنائیں اور اسے شیٹ پر لکھیں نیز اس کا اچھا سا عنوان اور اخلاقی سبق بھی لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں کے لیڈر کو بلا کر ان سے ان کی بنائی ہوئی کہانی جماعت میں دوسرے بچوں کو سنانے کے لیے کہیں۔ نیز ان کہانیوں کا عنوان اور اخلاقی سبق بھی پوچھیں۔ جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، انھیں بہترین لکھاری کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔
- اب بورڈ پر تصویروں سے متعلق کہانی لکھیں۔ کہانی کا عنوان اور اخلاقی سبق لکھ کر دوبار پڑھائیں۔
- بچوں کو کہانی کے آغاز، عروج اور اختتام سے روشناس کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر نیچے دیے گئے الفاظ لکھ کر ان کے آگے تین کالم بنا کر ایک میں مذکر، دوسرے میں مونث اور تیسرے میں جملے کی سرخی لکھ دیں۔ اب جماعت میں سے کسی بچے کو بلا کر اسے کوئی لفظ بتائیں اور اس سے کہیں کہ وہ متعلقہ کالم میں لکھ کر بتائے کہ وہ لفظ مذکر ہے یا مونث اور پھر اس لفظ کے سامنے اس سے متعلق جملہ لکھے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر مختلف بچوں سے کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: ہم دردی | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 77 کھلوائیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر 1 میں دیئے گئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور ان کو اپنے اردگرد کے ماحول کی صفائی کا خیال رکھنے کے بارے میں پانچ جملے بتانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے سبق "عظیم بادشاہ" کے اہم نکات سنیں۔
- سوال نمبر 5 میں دیئے گئے سابقوں کی مدد سے تین، تین نئے الفاظ بنوائیں۔
- سوال نمبر 6 میں دیئے گئے خط کشیدہ الفاظ کے مترادف لکھ کر جملے دوبارہ لکھیں۔
- سوال نمبر 7 میں دیئے گئے دوست کے نام خط لکھوائیں۔ اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنا لکھا خط سنانے کے لیے کہیں۔
- تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0 منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔